# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: بہار کے دِن (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو درست لے، آہنگ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اُردو چہارم"، موسموں کی تصویریں، الفاظ کے کارڈ، ٹوکری، پاسا، نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی السلام علیکم کہیں اور بچوں کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں۔
- اب چاروں موسموں کی تصویریں ان میں بانٹ دیں۔ بورڈ پر موسموں کے ناموں کی سرخی دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو تصویریں آئی ہیں، انھیں غور سے دیکھیں اور پھر ان کے بارے میں آپس میں بات چیت کریں۔
- اب کسی ایک موسم کا نام بولیں، جس گروہ کے پاس اس موسم پر مبنی تصویر ہو گی، اس کا بچہ آئے گا اور بورڈ پر متعلقہ کالم میں وہ تصویر چسپاں کر کے اس موسم کے بارے میں چند جملے بولے گا۔ اسی طرح سے سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو پڑھائی کے لیے آمادہ کریں۔ جیسے:
- آپ کا پسندیدہ موسم کونسا ہے؟
- موسمِ بہار کی خصوصیات بیان کریں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بچوں کو بتائیں کہ آج ہم بہار کے دِن پر مبنی ایک نظم پڑھیں گے۔
- نظم "بہار کے دن" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں الفاظ "کونپل، روشیں، چمن، دِل چسپ، بے خودی" کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا پانچ نمبر لکھے ہوئے ہوں۔

- ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔ کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔
- درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کر دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر کروائیں۔ اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 38 کھلوائیں۔
- بچوں سے اس پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔
- اب نظم کی بلند خوانی پہلے خود کریں۔
- ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو نظم کے دو دو اشعار تفویض کر دیں۔
- اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔
- جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ نظم میں سے کوئی لفظ بولے اور دوسرا گروہ وہ مصرع پڑھے جس میں وہ لفظ آیا ہے اور اس مصرعے کا مفہوم بتائے۔ اسی طرح پھر دوسرا گروہ کوئی لفظ بولے اور پہلا گروہ یہ سرگرمی کرے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ نظم کے جس مصرعے میں آیا ہو اس مصرعے کی بھی بلند خوانی کرے۔ درست معانی بتانے اور مصرع پڑھنے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر ملیں گے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھائی گئی نظم دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: بہار کے دِن (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مار کر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، گتے کا ڈبا، کاغذ یا چارٹ کی مدد سے کہنی تک مبنی آٹھ ہاتھ، جن پر الفاظ اور جملے لکھنے کی جگہ ہو، چارٹ کی مدد سے بنی ہوئی پرچیاں بنائیں جن پر خاص الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھے ہوں۔

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔ اگر الفاظ کا درست مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ وغیرہ۔ بچوں کے جوابات لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ ہر بات جو ہم کرتے ہیں اس کا کوئی مفہوم ہوتا ہے۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- جماعت کے بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔ کاغذ یا چارٹ کی مدد سے کہنی تک مبنی چودہ ہاتھ بنائیں، جن پر الفاظ اور جملے لکھنے کی جگہ ہو۔ چارٹ کی مدد سے آٹھ پرچیاں بنائیں جن پر نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک پرچی پر ایک لفظ لکھا ہو۔ دو ہاتھوں کو اس پرچی کی مدد سے آپس میں گوند کی مدد سے جوڑ دیں۔ کلائیوں پر الفاظ اور معانی لکھنے کی جگہ ہو۔
- ایک ٹوکری میں یہ مواد رکھ دیں اور ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے کوئی سا بھی ہاتھ اٹھانے کے لیے کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ گول چھلے پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر دائیں جانب بنے ہوئے ہاتھ پر اس لفظ کے دو معانی اور بائیں جانب بنے ہوئے ہاتھ پر اس پر مبنی کوئی جملہ لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں معانی اور تیسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ والے کالم میں نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔

- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں، جس گروہ کے پاس وہ لفظ آیا ہو گا اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھے گا اور جملے والے کالم میں اس پر مبنی کوئی جملہ لکھے گا۔ درست معانی اور درست جملہ لکھنے کے دو نمبر ہوں گے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو نظم پڑھنے کے لیے کچھ وقت دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا رکھیں، جس پر چار خانے بنے ہوں اور ان خانوں میں 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں۔ بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پانچ سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پانچ سوالات پرچیوں پر لکھ کر انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ جس نمبر پر پہیا رکے گا، اس نمبر کی پرچی بچہ ٹوکری میں سے نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس سوال کا جواب بورڈ پر متعلقہ سوال کے نیچے لکھے گا۔ اس کے لیے اسے چند سیکنڈ کا وقت دیا جائے گا، مقررہ وقت میں جواب نہ دینے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کے بچے کو موقع دیا جائے گا۔ آخر میں جس گروہ نے زیادہ سوالات کے درست جواب لکھے ہوں گے، وہ فاتح قرار پائے گا۔
- اب ان سوالات بورڈ لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے چار سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| نِکھار | | راحت فزا | |
| چٹکنا | | دِل کشی | |
| چَمَن | | بے خُودی | |
| ہر سُو | | اُمنگ | |

سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ پھولوں کی کلیاں کس موسم میں نکھرتی ہیں؟

جواب: ____________________

۲۔ چمن کے پھول کس کے گیت سنتے ہیں؟

جواب: ____________________

۳۔ نظم کے مطابق صبح و شام کے مناظر بیان کریں۔

جواب: ____________________

۴۔ یہ رات کو چاندنی کا عالم، اللہ دے بے خودی کا عالم" اس شاعر کا مفہوم لکھیں۔

جواب: ____________________

۵۔ چاندنی رات میں آسمان کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

جواب: ____________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: بہار کے دِن (نظم) | |
| **مقاصد:** نظم کے مطابق مصرعے مکمل کر سکیں۔<br>کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ / مار کر، مختلف رنگوں کی پرچیاں | | |

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں (Strips ) دیں، جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو مصرعے پر کرنے کے لیے تین تین لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران مین بورڈ پر وہی ادھورے مصرعے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ تختہ تحریر پر لکھے ہوئے مصرعوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا مصرع آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر مصرع مکمل کرے اور اس کا اگلا مصرع بتا کر شعر مکمل کرے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- جماعت کے دو گروہ بنا لیں دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- گروہ 'الف' کو کالم الف پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ 'ب' کو کالم ب پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔

- اب کالم الف کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود مصرع اور بلند آواز سے پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرع گروپ 'ب' کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرع پڑھ کر شعر مکمل کرے۔ اسی طرح تمام مصرعوں سے اشعار کی تکمیل کروائیں۔
- اس سرگرمی کے بعد بچوں سے کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

نظم کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

الف) کلیاں کیا کیا ________ رہی ہیں

ب) پھیلی ہُوئی ہے ________ میں ہر سُو

ج) چڑیاں گاتی ہیں ________ پیارے

د) گویا ________ کا دَر کُھلا ہے

ہ) یہ صُبح کا دِل ________ منظر

و) ہر دِل میں ________ کِس قدر ہے

کالم الف کو کالم ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
| --- | --- |
| کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں | گویا جنّت کا دَر کُھلا ہے |
| خُوش خُوش ہر ایک آدمی ہے | سبزی میں جھلک رہی ہے سُرخی |
| ہلکی ہلکی یہ اُن کی خُوش بُو | ہر شے میں بَلا کی دِل کشی ہے |
| کِتنی راحت فزا ہَوا ہے | پھیلی ہُوئی ہے چمن میں ہر سُو |
| کونپل ہر اِک ہے کیسی پیاری | ساری رَوِشیں مہک رہی ہیں |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: بہار کے دِن (نظم) | |

**مقاصد:** نظم سے متعلق اظہارِ خیال کر سکیں۔

اُردو گنتی اور عددی ترتیب سُن کر اس میں امتیاز کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، باجا، سوالات کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- "بہار کے دِن" سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔
- بچوں کو ایک بار نظم "بہار کے دِن" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں نظم سنائیں گے / گی۔ انھوں نے نظم غور سے سننی ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔ بچوں کو نظم پڑھ کر سنائیں۔

- اب بچوں سے پوچھیں بہار کے موسم میں قدرتی مناظر کیسے نظر آتے ہیں؟ اس مقصد کے لیے جوڑیوں کی صورت میں بچوں کو بٹھائیں اور انہیں آپس میں بات چیت کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب سوال نمبر 5 میں دی گنتی بورڈ پر لکھیں اور ساتھ ہی عددی ترتیب بھی۔
- بچوں کو بلند آواز میں گنتی اور عددی ترتیب کی خواندگی کروائیں۔
- اب بچوں کے مختلف گروہ بنا کر انھیں عددی ترتیب کا استعمال کرتے ہوئے دو دو جملے بنانے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ان کے بنائے ہوئے جملے سنانے کے لیے کہیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) مختلف بچوں سے نظم "بہار کے دِن" کے اہم نکات سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کروائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: بہار کے دِن (نظم) | |

**مقاصد:** اسم خاص اور اسم عام میں امتیاز کر سکیں۔
اعراب کی تبدیلی سے معنی کی تبدیلی کو پہچان سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، مختلف، دو ٹوکریاں، جن میں سے ایک کے باہر اسم خاص اور دوسری کے باہر اسم عام کی چٹیں لگی ہوں، الفاظ پر مبنی پرچیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے اسم معرفہ اور نکرہ کی تعریف پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔
- اب بورڈ پر قائداعظمؒ، خانہ کعبہ، قرآن مجید کی تصویریں باری باری چسپاں کریں اور بچوں سے ان کے نام پوچھیں اور لکھیں: اسم معرفہ۔
- بچوں کو کو بتائیں کہ جیسے آپ کا اور میرا نام ہے اسی طرح ہر چیز کا نام ہوتا ہے جسے اسم کہا جاتا ہے۔ کسی خاص شخص، خاص جگہ یا خاص چیز کا نام "اسم معرفہ" کہلاتا ہے، جیسے: لاہور، کراچی، احمد، وغیرہ۔ کسی عام شخص، جگہ اور چیز کا نام اسم نکرہ کہلاتا ہے مثلاً شہر، لڑکا، کار وغیرہ۔ بچوں کو بتائیں کہ اسم نکرہ کو اسم عام اور اسم معرفہ کو اسم خاص بھی کہتے ہیں۔
- اسم خاص اور عام کا تصور مزید مثالوں کے ذریعے سے سمجھائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اسم خاص اور اسم عام کو شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- میز پر دو ٹوکریاں رکھ دیں، جن میں سے ایک کے باہر اسم خاص اور دوسری کے باہر اسم عام کی چٹیں لگی ہوں۔ ان کے پاس ایک ٹوکری میں بارہ سوال نمبر 8 میں دیئے گئے الفاظ کی پرچیاں رکھ دیں۔
- بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنا اپنا لیڈر چن لیں۔ ایک گروہ کو اسم خاص اور دوسرے کو اسم عام تفویض کر دیں۔ دونوں گروہوں کے لیڈروں کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ اِن پرچیوں میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ کی پرچیاں تلاش کر کے متعلقہ ٹوکریوں میں ڈالیں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں 1 منٹ کا وقت دیں۔ وقت مکمل ہونے پر دونوں ڈبوں میں سے پرچیاں نکالیں اور گنتی کریں۔
- متعلقہ ڈبوں میں ڈالی گئیں غلط پرچیوں کو نہ گنیں۔ جس گروہ کے لیڈر نے مقررہ وقت میں سب سے زیادہ پرچیاں درست ٹوکری میں ڈالی ہوں گی، وہ گروہ جیت جائے گا۔ جیتنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- اب بورڈ پر الفاظ "اَحَد اور اُحَد" لکھیں۔ بچوں سے ان کی آوازوں کی ادائیگی کروائیں۔
- اب ان الفاظ کے سامنے ان کے معانی بھی لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ یہ الفاظ لکھنے میں تو ایک جیسے ہیں۔ ان کے تلفظ میں تبدیلی کس چیز کی وجہ سے آئی ہے؟
- بچوں کو بتائیں کہ الفاظ پر اعراب لگنے سے ان کا مطلب اور تلفظ بعض اوقات تبدیل ہو جاتا ہے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 9 میں دیئے گئے جملے لکھیں، اور بلند آواز میں خواندگی کروائیں۔
- اب بچوں کے 6 گروہ بنا کر انھیں پلاسٹک کے بند انڈے دے دیں، جن کے اندر سوال نمبر 9 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں ہوں۔ ایک پرچی پر متعلقہ اعراب والے دو الفاظ لکھے ہوں۔ ان کے سامنے جملے لکھنے کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بند انڈوں کو کھولیں، اس میں سے پرچیاں نکال کر ان پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں۔ دی ہوئی جگہ میں درست لفظ باہمی مشاورت سے لکھیں۔ اس دوران میں بورڈ میں وہی جملے دوبارہ لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے ایسے بچے کو بلائیں جو ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر متعلقہ جملے کو تلاش کر کے ان کے سامنے اس جملے کو درست لفظ کے ساتھ لکھے۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 9 کے تحت دیئے گئے جملوں کو لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان سے جواب لیں۔۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: بہار کے دِن (نظم) | |

**مقاصد:** محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کر سکیں۔

اپنے مشاہدات اور خیالات کو مربوط اور رواں انداز میں لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، آنکھوں پر باندھنے کے لیے کپڑا، کوئی سے چار مختلف محاورات کی چار پرچیاں، سوال نمبر 8 میں دیے گئے محاورات پر مبنی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ کھیل کھیلیں، جس کا نام ہے: Blind Fold یعنی آنکھوں پر پٹی باندھنا۔
- کوئی سے چار مختلف محاورات کی چار پرچیاں بنالیں اور انھیں بند کر کے کسی ٹوکری میں رکھ دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں۔ کوشش کریں کہ ہر گروہ میں بچوں کی تعداد یکساں ہو اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی ہو۔
- ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے ایک پرچی اُٹھانے اور واپس اپنی جگہ پر جا کر اسے کھولنے کی ہدایت دیں۔ اس سرگرمی سے تینوں گروہوں کے پاس تمام الفاظ کی پرچیاں چلی جائیں گی۔ اب بچوں کو دو منٹ کا وقت دیں کہ وہ اِن پرچیوں کو کھول کر ان پر لکھے ہوئے محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیں اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جماعت کے درمیان میں کسی جگہ کھڑا کر دیں۔ اسے کہیں کہ اس کے گروہ کے پاس جو محاورہ آیا تھا، وہ جماعت کے بچوں کو بتائے اور پھر آہستہ آہستہ چلتا ہوا جائے اور جماعت کے کسی بھی گروہ کے کسی بھی بچے کو چھوئے۔ وہ جس بچے کو چھوئے گا، وہ بچہ جلدی سے اٹھ کر اس محاورے کا استعمال کرتے ہوئے کوئی جملہ بتائے گا۔
- درست جملہ بتانے پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو اس کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے درست جواب بتائے ہوں گے، تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں سے محاورات کی تعریف پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں دوبارہ نرمی سے بتادیں۔ سب سے پہلے بچوں کو محاورے کی تعریف بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا وہ مجموعہ جو اپنے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں استعمال ہو

| |
|---|
| اسے "محاورہ" کہتے ہیں۔ جیسے: "سبز باغ دکھانا" کا حقیقی مطلب تو سبز باغ دکھانا ہے لیکن مجازی معنی میں اس سے مراد "فریب دینا" ہے۔ اس لیے اسے محاورہ کہتے ہیں۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ محاورے کے الفاظ میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔ مثلاً محاورہ ہے: "غصے سے لال پیلا ہونا" لیکن اگر کوئی شخص "غصے سے لال سبز ہونا" کہے تو یہ غلط ہو گا۔ اس طرح مزید مثالوں کے ذریعے سے بچوں کو محاورات کا استعمال سکھائیں۔<br>• اب بورڈ پر سوال نمبر 10 میں دیے گئے جملے لکھیں۔<br>• بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو محاورات کی ایک ایک پرچی دے دیں۔<br>• اب پہلا جملہ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کس گروہ کے پاس اس کا متعلقہ محاورہ ہے؟<br>• درست محاورے کی نشاندہی کرنے والے گروہ کو پانچ نمبر ملیں گے۔ اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔<br>• سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔<br>• اب بورڈ پر سوال نمبر 10 میں دیئے گئے جملے لکھیں اور محاورات کی مدد سے مکمل کریں، بعد ازاں بچوں کو ہدایت دیں کہ کاپی پر جملے اُتار کر درست محاورات لگائیں۔<br>• سوال نمبر 11 کروانے کے لئے بچوں کو ہدایت دیں کہ نظم کو ایک بار خاموشی سے پڑھیں اور بہار کے موسم کا منظر اپنے الفاظ میں لکھیں۔<br>• سوال نمبر 12 میں دیئے گئے موضوع پر بات چیت کریں۔ تمام بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔ اب اُن سے کہیں کہ اُپنے اپنے خیالات اور مشاہدات کو رواں اور مربوط انداز میں لکھیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 10 میں دیے گئے محاورات لکھ کر بچوں سے ان کا مفہوم پوچھیں اور ان کے جملے بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔ |
| . |

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے محاورات کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آسمان پر اُڑنا | جی چُرانا | آبدِیدہ ہونا | دو چار ہونا | آپے سے باہر ہونا | آنکھوں کا تارا ہونا |

الف) بُوڑھی عورت کی درد بھری کہانی سُن کر سب ________________ ہو گئے۔

ب) مُسلمان کی یہ شان نہیں کہ وہ بات بات پر ________________ ہو جائے۔

ج) جمیل کے پاس دولت آئی تو اب وہ ________________ لگا ہے۔

د) جو لوگ محنت سے ________________ ہیں وہ ہمیشہ ناکام رہتے ہیں۔

ہ) ہر بچّہ اپنے والِدین کی ________________ ہوتا ہے۔

و) زندگی میں بہت سی مُشکلات سے ________________ پڑتا ہے۔